رومی شہریت:

قدیم روم میں رومی شہریت ایک نہایت اہم حیثیت تھی ۔ جو قانونی ، سیاسی اور سماجی فوائد کا مجموعہ تھی ۔ رومی شہریوں کو نہ صرف منصفانہ عدالتی کارروائی کا حق حاصل تھا بلکہ وہ بعض سزاؤں سے بھی مستثنیٰ ہوتے تھے۔رومی شہریوں کو بغیر وجہ کے سزا نہیں دی جاسکتی تھی۔انہیں باقاعدہ عدالتی سماعت کا حق حاصل تھا۔وہ فیصلوں کے خلاف اپیل بھی کر سکتے تھے۔رومی شہریوں کو عام طور پر کوڑوں کی سزا نہیں دی جاتی تھی ۔انہیں مصلوب بھی نہیں کیا جاتا تھا اسی لئے مقدس پولس کو قتل کیا گیا تھا۔

انہیں ووٹ دینے ،عوامی عہدے رکھنے اور ریاستی سہولیات تک رسائی حاصل ہوتی تھی۔اس کے علاوہ وہ جائیداد کے مالک بن سکتے تھے۔انہیں مقامی ٹیکسوں سے بھی چھوٹ تھی ۔

اہم Themes:

**1- خُداوند یسوعؔ مسیح کی بادشاہی**

اعمال کی کتاب کا آغاز اور اختتام خُدا کی بادشاہی سے ہوتا ہے۔

**2- تین حکام**

i- یہودی سنہڈرن

ii- رومی حاکم

iii- یونانی فلاسفرز

**3- شہادت**

اعمال کی کتاب میں استفنس (اعمال 7:54-60) اور مقدس یعقوب (اعمال 12:1-2) کی شہادت کا ذکر ملتا ہے۔

**4- مشن ورک کے نمونے**

حدود کو توڑا گیا

بندھن ٹوٹ گئے

پُل تعمیر ہو گئے

**5- ٹیم ورک**

**6- گواہ**

لفظ گواہ اعمال کی کتاب میں 11 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ ابتدائی ایمانداروں کو خُداوند یسوع مسیح کے گواہ کہا گیا ہے (اعمال 8:1)۔ گواہ کی اصطلاح اس بات کی طرف اِشارہ کرتی ہے کہ شاگرد نے جو دیکھا اور سُنا ہے اس کی گواہی دینا ہے۔ اس کے لئے یونانی زبان کا لفظ martyres استعمال ہوا ہے۔ اسی سے انگلش زبان کا لفظ Martyr شہید نکلا ہے۔ شہید کا مطلب ہے ایسا شخص جو اپنے ایمان اور عقیدے کی خاطر اپنی جان دے دے۔ یاد رہے کہ یہ لفظ گواہ سے نکلا ہے۔ تاہم گواہ میں قربانی اور موت کا تصور موجود ہے۔

## اعمال کی کتاب میں ترتیب وار واقعات

| واقعات | باب | پولس کے خطوط |
|---|---|---|
| خُداوند کا آسمان پر اُٹھایا جانا | 11-9:1 | |
| پینتکوست | 41-1:2 | |
| استفنس کی شہادت | 7-6 | |
| ساؤل کی تبدیلی | 19-1:9 | |
| پولس رسول کا یروشلیم میں پہلا دورہ | 30-2:9 | |
| پولس ترسس میں | 30:9 | |
| پولس انطاکیہ کی طرف جاتا ہے | 26-25:11 | |
| پولس رسول کا یروشلیم میں دوسرا دورہ | 25:12-29:11 | |
| مقدس پولس رسول کا پہلا مشنری سفر | 14-13 | |

| | | |
|---|---|---|
| یروشلیم کونسل | 15 | گلتیہ کا خط |
| مقدس پولس کا دوسرا مشنری سفر | 22:18--40:15 | 1اور2 تھسلنیکیوں |
| مقدس پولس کا تیسرا مشنری سفر | 4:21-23:18 | 1اور2 کرنتھیوں |
| مقدس پولس کا یروشلیم میں دورہ | 22:23-5:21 | رومیوں |
| مقدس پولس کی قیصریہ میں قید | 32:25-23:23 | |
| مقدس پولس کی جہاز پر روم روانگی | 1:27 | |
| مقدس پولس کی روم میں قید | 28-27 | 1اور2 تیمتھیس |